## رہبر معظم نے کتاب کی بیسویں بین الاقوامی نمائش گاہ کا مشاہدہ کیا - 5 /May/ 2007

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےآج مصلائے تہران میں دو گھنٹے تک کتاب کی بیسویں بین الاقوامی نمائش گاہ کا قریب سے مشاہدہ کیا۔

اس موقع پر وزیر ثقافت اور ارشاد اسلامی بھی موجود تھے رہبر معظم نے نمائشگاہ میں پیش کی گئی کتابوں کو قریب سے دیکھا اور کتابوں کے ناشرین سے گفتگو کرتے ہوئے کتابوں کے نئے موضوعات وعناوین اور ان کے نشر کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں ۔